09/02/2025

09.20 AM(5 min)

آداب

يہ آکاش وانی سرينگر ہے ۔

اب آپ اعجازه اختر سے خبريں سُنئے

آگ

وسطی کشمير کے ضلع گاندربل ميں آگ کی ايک ہولناک واردات ميں زائد از ايک درجن دکان اور چه ہوٹل خاکستر ہو گئے ہيں ۔ ہمارے گاندربل نمائندے نے خبر دی ہے کہ يہ واردات کل دير رات پيش آئی جس کے نتيجے ميں ہوٹل اور دکانيں آناً فاناً راکه کے ڈهير ميں تبديل ہو گئے ۔

گو کہ اس واقعے ميں کسی جانی نقصان کی کوئی اطلاع نہيں ہے لابتہ اس بهيانک واردات ميں کروڑوں روپے کے ملای نقصان کا تخمينہلگايا جا رہا ہے ۔ مقامیلوگوں اور متاثره کنبوں نے انتظاميہ سے اُ ن کی فوری باز آباد کاری کی اپيل کی ہے ۔

ٰ وزيراعلی

ٰ وزيراعلی عمر عبدالله نے سونہ مرگ کے مارکيٹ ميں آگ کی اس واردات ميں ہوئے بهاری نقصان پر شديد رنج و غم کا اظہار کيا ہے ۔ متاثرين کے ساته يکجہتی ظاہر کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ ان کا دفتر مقامی انتظاميہ کے ساته قريبی رابطے ميں ہے تاکہ متاثرين کی باز آباد کاری کےلئے تمام ضروری اقدام کئے جا سکيں ۔

اسی دوران بيہامہ گاندربل ميں بهی آگ کی ايک اور واردات ميں ايک رہائشی مکان خاکستر ہو گيا ہے ۔

در اندازی

فوج نے راجوری ضلع کے کيری سيکٹر ميں ِ حد متارکہ کے نزديک در اندازی کی ايک بڑی کوشش کو ناکام بنايا ہے ۔ ہمارے جموں کے نمائندے نے خبر دی ہے کہ فوج نے اس علاقے ميں در اندازوں کو تلاش کرنے کےلئے ايک سرچ آپريشن شروع کيا ہے ۔

خبروں کے مطابق بهارتی فوج کے جوان جب اس سيکٹر ميں معمول کی گشت پر تهے تو ان کی طرف گولی چلائی گئی ۔ اس کے بعد بهارتی جوانوں نے مورچہ سنبهال کر جوابی کاروائی عمل ميں لائی اور علاقے کی طرف مزيد اہلکاروں کو روانہ کيا گيا ۔

جل جيون

مرکزی وزير ڈاکٹر جتيندر سنگه اور جل شکتی کے وزير جاويد احمد رانا نے جسروٹہ کٹهوعہ ميں سات واٹر سپلائی اسکيموں کا افتتاح کيا ۔ان اسکيموں کو محکمہ جل شکتی نے جل جيون مشن کے تحت 25 کروڑ روپے کی لاگت سے مکمل کيا ہے ، جن کی بدولت علاقے کے ہزاروں نفوس کو پينے کے صاف پانی کی سہوليت ميسر ہو گی ۔

اپنے خيالات کا اظہار کرتے ہوئے ڈاکٹر جتيندر سنگه نے کہا کہ اس اقدام کا مقصد وزير اعظم کے ويژن کے مطابق ہر شہری کی صحت و سلامتی کے لئےلوگوں تک پينے کے صاف پانی کی سہولت پہنچانا ہے ۔

جاويد رانا نے کہا کہ عمر عبدالله کی قيادت ولای جموں کشمير سرکار عوامی ضروريات کو ترجيح دے رہی ہے تاکہ انہيں کسی قسم کی دقتوں کا سامنا نہ کرنا پڑے ۔

سکينہ ايتو

صحت ،طبی تعليم اور سماجی بہود کی وزير سکينہ ايتو نے نئی دلی ميں پردهان منتری انو
سو

يوجنا سے متعلق مرکزی ايڈوائزری کميٹی کی ميٹنگ ميں شرکت کی ، Abhyuday چ ت جاتی 3/4 ِ جس کی صدارت سماجی انصاف کے مرکزی وزير ڈاکٹر وريندر کمار نے کی ۔ ميٹنگ ميں ملک بهر ميں درجہ فہرست ذاتوں کی سماجی و اقتصادی ترقی يقينی بنانے کےلئے ِ حکمت عملی وضع کرنے اور متعلقہ اسکيم پر عمل آوری کی پيش رفت کا جائزه ليا گيا ۔

اس موقعہ پر سکينہ ايتو نے جموں کشمير سے متعلق اعداد و شمار فراہم کرتے ہوئے جانکاری دی کہ يوٹی کے مختلف علاقوں ميں اسکيم کے تحت 91 کامن سروس سينٹرس // 4 ہزار 993 سولر لائٹس // 63 سمارٹ کلاسز // 21 ج م // گياره سمارٹ کتب خانے // اور ديگر ضروری ِ بنيادی ڈهانچہ قائم کيا گيا ہے ۔

چيف سيکريٹری

چيف سيکريٹری اٹل ڈلو نے محکمہ سياحت کے افسروں کی ايک ميٹنگ ميں جموں کشمير بهر ميں PRASHAD يعنی Pilgrimage Rejuvination and Spiritual Heritage

کے تحت زير عمل پروجيکٹوں کی پيش رفت کا جائزه ليا ۔ انہوں نے Augmentation Drive شو کهوری استهاپن ميں سياحوں کےلئے دستياب سہوليات کا بهی جائزه ليا ۔

چيف سيکريٹری نے پرشاد سکيم کے تحت خاص طور سے مذہی مقامات پر ِ در دستلئے گئے پروجيکٹوں کی پيش رفت کا جائزه ليا ۔

PWDs

ملک کے ديگر حصوں کی طرح جموں کشمير ميں بهی جسمانی طور سے خاص افراد کو مختلف اسکيموں کے دائرے ميں لا کر ان کی فلاح و بہبود يقينی بنائی جا رہی ہے ۔ شعبہ خبر سے بات کے کمشنر محمداقباللون نے Persons with Disabilities کر تے ہوئے جمونو کشمير ميں جمونو کشمير ميں جسمانی طور خاص افراد کی فلاح وبہبود کےلئے حکومتی اقدامات کے بارے ميں بتايا ۔

شاہراه

سرينگر جموں قومی شاہراه دو طرفہ ٹريفک کيلئے کهلی ہے۔ سرينگر کرگل روڈبهی گاڑيوں کی آمد رفت کےلئے کهلا ہے ۔

اس کے ساته ہی خبروں کا يہ بليٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بليٹن دن ميں باره بج کر تيس منٹ پر اردو ميں نشر ہو گا ۔

ہميں ديجئے اجازت

خدا حافظ